الايمان بالكتب

كتابوں پر ایمان

فضيلة الشيخ

د. هيثم بن محمد سرحان

المدرس بالمسجد النبوي

سابقا والمشرف على

موقع : المعهد العلمي

MAHASUNAH.COM

SARHAAN.COM

ترجمة : اردو

محمد جميل العلوي

کتابوں پر ایمان

اپنے رب کے کا کیسے تعارف کریں . کیسے اس کی عبادت کریں ؟ جیسے اس نے حکم دیا ہے . کون سا طریقہ ہے ، جس پر ہم چلیں جس سے وہ راضی ہو یہ ہم سب کچھ جانیں گے ان آسمانی کتابوں کے ذریعے اور ان صحیفوں کے ذریعے جن میں اللہ کا کلام ہے .

جسے اس نے اپنے رسولوں علیھم السلام کی طرف وحی کیا اور ان پر ایمان لانا ارکان ایمان کے چھ ارکان میں سے ہے .

اللہ تعالی کا فرمان ہے : اے ایمان والو ایمان لاؤ اللہ پر اس کے رسول پر اور اس کی کتاب پر جو اس نے اپنے رسول پر نازل کی اور اس کتاب پر جو اس سے پہلے نازل ہوئیں .(سورۃ النساء 136)

ہم ایمان لاتے ہیں کہ یہ ساری حق ہیں اور سچ ہیں اور یہ اللہ تعالی کا کلام ہے اس میں ہدایت ہے اس میں نور ہے اور یہ کفایت کرتی ہیں انکو جن کے لیے نازل ہوئیں اور ہم ایمان لاتے ہیں جن کا تفصیل سے ذکر ایا جیسے قرآن تورات انجیل اور زبور اور ابراہیم اور موسی علیہما السلام کے صحیفے ، قران کریم نے منسوخ کر دیا ہے سابقہ کتابوں کو ، اور وہ اس پر حاکم ہے اللہ تعالی کا فرمان ہے :اور ہم نے تمہاری طرف نازل کی کتاب حق کے ساتھ جو تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے کتابیں آئی ہیں اور وہ ان پر حاکم ہے . (سورۃ المائدۃ 48)

تو جائز نہیں عمل کرنا ان کتابوں کے احکام میں سے کسی چیز پر مگر جو صحیح ہو اس میں اور قران نے اس پر اقرار کیا ہو کیونکہ ان کتابوں میں تبدیل و تحریف ہو گئی ہے

اللہ تعالی نے قران کی حفاظت کی ذمہ داری اٹھائی فرمان باری تعالی ہے : بے شک ہم نے ذکر کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں.(سورۃ الحجر 9)

کتابوں پر ایمان لانے کے ثمرات میں سے ہے اللہ تعالی کا شکر کرنا کہ اس نے اپنی مخلوق پر یہ عنایت کی کہ ہر قوم میں ایک کتاب نازل کی جو انہیں ہدایت دیتی ہے اوراسکی حکمت کی معرفت سکھاتی ہے .

اور قران پر ایمان لانے کے ثمرات میں سے ہے ، کہ ہم اسکا اہتمام کرتے ہوئے اسکی تلاوت کریں اس کو سیکھیں اور اس پر عمل کریں اور اس پر تدبر کریں کیونکہ یہ واضح نور ہے اور صراط مستقیم ہے نصیحت ہے اور یاد دہانی ہے اوردل کے وسوسوں کے لیے شفا ہے .

اللہ تعالی کا فرمان ہے : یہ ایسی کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا برکت والی ہے تاکہ اس پر تدبر کریں اور اس سے نصیحت پکڑیں عقلمند لوگ .(سورۃ ص 29)